13/02/2026

12.30/ PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں عابدہ اختر

LGمیٹنگ

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کل شری امر ناتھ جی شرائن بورڈ کی50ویں میٹنگ کی صدارت کی اس دوران انہوننے سالانہ شری امر نا تھ جی یاترا سے جڑے امور پر تبادلہ خیال کیا۔

اس موقعے پر یاتریوں کےلئے سہولیات کو مزید بہتر بنانے کےلئے مختلف اہم تجاویز کو منظوری دی گئی۔بورڈ نے رجسٹر شدہ یاتریوں ، سروس دینے والوں ، سرکاری اہلکاروں، سیزنل ورکروں اور پجاریوں کےلئے حادثاتی انشورنس کور کو 5لاکھ سے بڑھا کر10لاکھ روپے کرنے کا فیصلہ کیا۔

منوج سنہا نے یاتریوں، خدمت فراہم کرنے والوں اور سیکورٹی اہلکاروں کے لئے یاترا روٹوں پر شیلٹر شیڈز اور بارش سے بچاؤ کے انتظامات کرنے کی ہدایت دی۔میٹنگ میں چیف سیکرٹری اٹل ڈلو ، ڈِی جی پی نلین پربھات، کے علاوہ پولیس اور سیول انتظامیہ کے اعلیٰ افسران موجود تھے۔

CMتعزیت

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سابق وزیر قمر علی آخون کی وفات پر گہرے دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک تعزیتی پیغام میں انہوننے مرحوم کی عوامی کی تئیں خدمات کو یاد کر تے ہوئے غمزدہ کنبے کے ساتھ ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ انہوننے مرحوم کے روح کے ابدی سکون کےلئے دعا کی ہے۔واضح رہے کہ قمرعلی آخون آج صبح انتقال کر گئے ہیں۔ ان کے انتقال پر کئی سیاسی پارٹیوں اور دیگر لیڈران نے بھی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

کھیلو انڈیا

کھیل کود کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ نے اعلان کیا ہے کہ جموں کشمیر میں کھیلو انڈیا سرمائی کھیل مقابلے 23 فروری سے 26 فروری تک گلمرگ میں منعقد کئے جائیں گے ۔

یہ کھیلو انڈیا سرمائی کھیلوں کا چھٹا شمارہ ہو گا ۔ ان مقابلوں میں چار سو سے زائد ایتھلیٹ شرکت کر رہے ہیں۔

بارہمولہDC

اس دوران گلمرگ میں منعقد ہونے والے کھیلو انڈیا نیشنل ونٹر گیمز کے چھٹے ایڈیشن کے کامیاب انعقاد کو یقینی بنانے کی غرض سے ڈپٹی کمشنر بارہمولہ، منگا شیرپا نے گلمرگ کلب میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی۔

میٹنگ میندیگر تیاریوں کے ساتھ ساتھ کھلاڑیوں اور عملے کے لیے رہائش کے انتظامات ٹریفک پلان،طبی سہولیات، پانی اور بجلی کی فراہمی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

ریڈیو ڈے

دنیا بھر میں آج ریڈیو کا عالمی دن منایا جا رہا ہے ۔ یہ دن ہر سال13فروری کو منایا جا تا ہے ۔ اس دن کا مقصد اطلاعات پہنچانے اور زبان و ادب ، ثقافت اور کلچر کے تئیں ریڈیو کی خدمات کو یاد کیا جاتا ہے۔

مروگن مبارک

وزیر مملکت برائے اطلاعات و نشریات ڈاکٹر ایل مروگن نے ریڈیو کے عالمی دن کے موقعے پر عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے پیغام میں انہوںنے کہا کہ ریڈیو عوام تک اطلاعات اور جانکاری پہنچانے میں کلیدی کر دار ادا کر رہا ہے۔ انہوںنے بچپن سے ریڈیو کے ساتھ اپنی دلچسپی کا بھی اظہار کیا۔

سرینگرDC

ڈپٹی کمشنر سرینگر، اکشے لابرو نے ضلع کے ریونیو ریکارڈ کی ڈیجیٹائزیشن اور محکمہ مال کے ذریعے فراہم کی جانے والی دیگر خدمات کا تفصیلی جائزہ لینے کے لئے محکمہ مال کے سینئر افسران کی ایک میٹنگ کی صدارت کی ہے۔

میٹنگ میں ڈپٹی کمشنر نے میوٹیشن کیسز کا تحصیل وار جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ ریونیو ریکارڈ کی تصدیق، اسناد کی اجرائی ، عوامی شکایات کے ازالے کا تفصیلی جائزہ لیا۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر یوٹی سے رشوت خوری کا قلع قمع کرنے نیز رشوت خوروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے ۔ تاہم اس بدعت کا مکمل طور نے عام لوگوں کی ACB سے خاتمہ کرنے کے لئے عوام کا تعاون کلیدی اہمیت کا حامل ہے ۔ سہولیات کیلئے ایک ہیلپ لائن جاری بھی کیا ہے جس کا نمبر ہے 9419678060 ۔

-----S.K Pathak----

سنسس

وادی کشمیر کی 27 آب گاہوں میں Asian Waterbird Census-2026آبی پرندوں سے متعلق کامیابی کے ساتھ منعقد کی گئی، جس دوران وائلڈ لائف پروٹیکشن ویٹ لینڈ ڈویژن کشمیراور ولرکنزرویشن اینڈ منیجمنٹ اتھارٹی کے تعاون سے فیلڈ پر مبنی حیاتیاتی تنوع کی نگرانی کی ایک بڑی مشق عمل میں لائی گئی۔سنسس کے دوران شمالی، وسطی اور جنوبی کشمیر میں موجود 58 نامزد پرندہ شماری کے مقامات کا احاطہ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

....

....

.....